## Lesson 2: Al-A'araaf (Ayaat 26 - 39): Day 6

## سُوْرَۃُ الْأَعْرَاف کی تفسیر

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَ رِيْشًا ؕ

| يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | قَدْ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْكُمْ | لِبَاسًا | يُّوَارِيْ | سَوْاٰتِكُمْ | وَ | رِيْشًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے بنی آدم | بے شک | اتارا ہم نے | اوپر تمہارے | پہناوا | کہ ڈھانکتا ہے | شرمگاہ تمہاری کو | اور | اتارا پہناوا زینت کا |

اے بنی آدم ہم نے تم پر پوشاک اُتاری کہ تمہارا ستر ڈھانکے اور (تمہارے بدن کو) زینت (دے)۔

وَ لِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ

| وَ | لِبَاسُ | التَّقْوٰى | ذٰلِكَ | خَيْرٌ | ذٰلِكَ | مِنْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | لَعَلَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پہناوا | بچاؤ کا | یہ | بہتر ہے | یہ | سے ہے | نشانیوں | اللہ کی | تا کہ وہ |

اور (جو) پرہیزگاری کا لباس (ہے) وہ سب سے اچھا ہے۔ یہ اللہ کی نشانیاں ہیں تا کہ لوگ

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٢٦﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ

| يَذَّكَّرُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | لَا | يَفْتِنَنَّكُمُ | الشَّيْطٰنُ | كَمَآ | اَخْرَجَ | اَبَوَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت پکڑیں | اے بیٹو آدم کے | نہ | بہکاوے تم کو | شیطان | جیسے | نکال دیا | ماں باپ تمہارے کو |

نصیحت پکڑیں ﴿٢٦﴾ اے بنی آدم (دیکھنا کہیں) شیطان تمہیں بہکا نہ دے جس طرح تمہارے ماں باپ کو (بہکا کر)

مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ

| مِّنَ | الْجَنَّةِ | يَنْزِعُ | عَنْهُمَا | لِبَاسَهُمَا | لِيُرِيَهُمَا | سَوْاٰتِهِمَا | اِنَّهٗ | يَرٰىكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | بہشت | اتار لیتا تھا | ان سے | لباس ان کا | تا کہ دکھلاوے ان کو | شرمگاہیں ان کی | بیشک وہ | دیکھتا ہے تم کو |

بہشت سے نکلوا دیا اور اُن سے اُن کے کپڑے اُتروا دیے تا کہ ان کے ستر ان کو کھول کر دکھا دے۔ وہ اور اس کے

هُوَ وَ قَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ

| هُوَ | وَ | قَبِيْلُهٗ | مِنْ | حَيْثُ | لَا | تَرَوْنَهُمْ | اِنَّا | جَعَلْنَا | الشَّيٰطِيْنَ | اَوْلِيَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | اور | کنبہ اس کا | سے | جہاں | نہیں | دیکھتے تم ان کو | بیشک | کیا ہم نے | شیطان کو | دوست |

بھائی تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے رہتے ہیں جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھ سکتے۔ ہم نے شیطانوں کو انہی لوگوں کا رفیق

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ

| لِلَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | وَ | اِذَا | فَعَلُوْا | فَاحِشَةً | قَالُوْا | وَجَدْنَا | عَلَيْهَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان لوگوں کے کہ | نہیں ایمان لاتے | اور | جب | کرتے ہیں وہ | بے حیائی | کہتے ہیں | پایا ہم نے | اوپر اس کے |

بنایا ہے جو ایمان نہیں رکھتے ہیں ﴿٢٧﴾ اور جب کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو اسی طرح کرتے

اٰبَآءَنَا وَ اللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰبَآءَنَا | وَ | اللّٰهُ | اَمَرَنَا | بِهَا | قُلْ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَاْمُرُ | بِالْفَحْشَآءِ |
| اپنے باپوں کو | اور | اللہ نے | حکم دیا ہم کو | ساتھ اس کے | کہہ | بیشک | اللہ | نہیں | حکم دیتا | ساتھ بے حیائی کے |

دیکھا ہے اور اللہ نے بھی ہم کو یہی حکم دیا ہے۔ کہہ دو کہ اللہ بے حیائی کے کام کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتا۔

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۗ قف

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | قُلْ | اَمَرَ | رَبِّيْ | بِالْقِسْطِ |
| کیا کہتے ہو | اوپر | اللہ کے | جو کچھ | نہیں | جانتے | کہہ | حکم دیتا ہے | میرا رب | ساتھ انصاف کے |

بھلا تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں ﴿۲۸﴾ کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو انصاف کرنے کا حکم دیا ہے

وَ اَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقِيْمُوْا | وُجُوْهَكُمْ | عِنْدَ | كُلِّ | مَسْجِدٍ | وَّادْعُوْهُ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ |
| اور | سیدھا کرو | منہ اپنے کو | نزدیک | ہر | نماز کے | اور پکارو اس کو | خالص کر کر | واسطے اسکے |

اور یہ کہ ہر نماز کے وقت سیدھا (قبلے کی طرف) رخ کیا کرو اور خاص اسی کی عبادت کرو اور اُسی کو پکارو۔

الدِّيْنَ ۬ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ ؕ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدِّيْنَ | كَمَا | بَدَاَكُمْ | تَعُوْدُوْنَ | فَرِيْقًا | هَدٰى | وَ | فَرِيْقًا | حَقَّ |
| عبادت | جیسے | پہلے پیدا کیا تم کو | پھر آؤ گے | ایک فرقے کو | ہدایت کی | اور | ایک فرقہ کہ | ثابت ہوئی |

اُس نے جس طرح تم کو ابتدا میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم پھر پیدا ہو گے ﴿۲۹﴾ ایک فریق کو تو اس نے ہدایت دی اور ایک فریق

عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمُ | الضَّلٰلَةُ | اِنَّهُمُ | اتَّخَذُوا | الشَّيٰطِيْنَ | اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
| اوپر ان کے | گمراہی | بیشک انہوں نے | پکڑا | شیطان کو | دوست | سوائے | اللہ کے |

پر گمراہی ثابت ہو چکی۔ اُن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو رفیق بنا لیا

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَحْسَبُوْنَ | اَنَّهُمْ | مُّهْتَدُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | خُذُوْا | زِيْنَتَكُمْ | عِنْدَ |
| اور گمان کرتے ہیں کہ | وہ | راہ پانے والے ہیں | اے آدم کے بیٹو | لو | زینت اپنی | نزدیک |

اور سمجھتے (یہ) ہیں کہ ہدایت یاب ہیں ﴿۳۰﴾ اے بنی آدم! ہر نماز کے وقت اپنے تئیں

كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | مَسْجِدٍ | وَّ | كُلُوْا | وَ | اشْرَبُوْا | وَ | لَا | تُسْرِفُوْا | اِنَّهٗ | لَا | يُحِبُّ |
| ہر | نماز کے | اور | کھاؤ | اور | پیو | اور | مت | حد سے نکل جاؤ | بیشک وہ | نہیں | دوست رکھتا |

مزین کیا کرو اور کھاؤ اور پیو اور بے جا نہ اُڑاؤ کہ اللہ بے جا اُڑانے والوں کو دوست

الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ ؑ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُسْرِفِيْنَ | قُلْ | مَنْ | حَرَّمَ | زِيْنَةَ | اللّٰهِ | الَّتِيْٓ | اَخْرَجَ | لِعِبَادِهٖ |
| حد سے نکل جانیوالوں کو | کہہ | کس نے | حرام کی ہے | زینت | اللہ کی | جو | نکالی ہے | واسطے اپنے بندوں کے |

نہیں رکھتا (۳۱) پوچھو تو کہ جو زینت (و آرائش) اور کھانے (پینے) کی پاکیزہ چیزیں اللہ نے اپنے بندوں

وَ الطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الطَّيِّبٰتِ | مِنَ | الرِّزْقِ | قُلْ | هِيَ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
| اور | پاکیزہ چیزیں | سے | رزق | کہہ | وہ | واسطے ان لوگوں کے ہے۔ | ایمان لائے | بیچ | زندگانی | دنیا کے |

کے لیے پیدا کی ہیں اُن کو حرام کس نے کیا ہے؟ کہہ دو کہ یہ چیزیں دُنیا کی زندگی میں ایمان والوں کے لیے ہیں

خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَالِصَةً | يَّوْمَ | الْقِيٰمَةِ | كَذٰلِكَ | نُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ |
| خالص ہیں | دن | قیامت کے | اسی طرح | مفصل بیان کرتے ہیں ہم | نشانیاں | واسطے اس قوم کے کہ | جانتے ہیں |

اور قیامت کے دن خاص انہی کا حصہ ہوں گی۔ اسی طرح اللہ اپنی آیتیں سمجھنے والوں کے لیے کھول کھول کر بیان فرماتا ہے (۳۲)

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّمَا | حَرَّمَ | رَبِّيَ | الْفَوَاحِشَ | مَا | ظَهَرَ | مِنْهَا | وَ | مَا | بَطَنَ |
| کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | حرام کی ہے | میرے رب نے | بے حیائیاں | جو | ظاہر ہیں | ان میں سے | اور | جو | چھپی ہیں |

کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو بے حیائی کی باتوں کو ظاہر ہوں یا پوشیدہ اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو

وَ الْاِثْمَ وَ الْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ اَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاِثْمَ | وَ | الْبَغْيَ | بِغَيْرِ الْحَقِّ | وَ | اَنْ | تُشْرِكُوْا | بِاللّٰهِ | مَا | لَمْ | يُنَزِّلْ | بِهٖ | سُلْطٰنًا |
| اور | گناہ | اور | سرکشی | ساتھ ناحق کے | اور | یہ کہ | شریک لاؤ | ساتھ اللہ کے | وہ چیز کہ | نہ | اتاری | ساتھ | دلیل کے |

حرام کیا ہے اور اس کو بھی کہ تم کسی کو اللہ کا شریک بناؤ جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی

وَّ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ اَنْ | تَقُوْلُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | لِكُلِّ | اُمَّةٍ | اَجَلٌ | فَاِذَا |
| اور یہ کہ | کہو | اوپر | اللہ کے | جو کچھ کہ | نہیں | جانتے | اور | واسطے ہر | امت کے | ایک وقت ہے مقرر | پس جب |

اور اس کو بھی کہ اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں کچھ علم نہیں ﴿٣٣﴾ اور ہر ایک فرقے کے لیے (موت کا) ایک وقت مقرر ہے جب

جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٣٤﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | اَجَلُهُمْ | لَا | يَسْتَاْخِرُوْنَ | سَاعَةً | وَّ | لَا | يَسْتَقْدِمُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ |
| آتا ہے | وقت ان کا | نہیں | پیچھے رہ جاتے | ایک ساعت | اور | نہ | آگے نکل جاتے ہیں | اے بیٹو آدم کے |

وہ آ جاتا ہے تو نہ تو ایک گھڑی دیر کر سکتے ہیں نہ جلدی ﴿٣٤﴾ اے بنی آدم

اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِمَّا | يَاْتِيَنَّكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْكُمْ | يَقُصُّوْنَ | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِيْ | فَمَنِ |
| اگر | آئیں تمہارے پاس | رسول | تم میں سے | بیان کریں | اوپر تمہارے | نشانیاں میری | پس جو کوئی |

(ہم تم کو یہ نصیحت ہمیشہ کرتے رہے ہیں کہ) جب ہمارے پیغمبر تمہارے پاس آیا کریں اور ہماری آیتیں تم کو سنایا کریں (تو ان پر ایمان لایا کرو کہ)

اتَّقٰى وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّقٰى | وَ | اَصْلَحَ | فَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ |
| پرہیزگاری کرے | اور | اصلاح کرے | پس نہیں | ڈر | اوپر ان کے | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اور | جن لوگوں نے |

جو شخص (ان پر ایمان لا کر اللہ سے) ڈرتا رہے گا اور اپنی حالت درست رکھے گا تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿٣٥﴾ اور

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَاسْتَكْبَرُوْا | عَنْهَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ | النَّارِ | هُمْ |
| جھٹلایا | نشانیاں ہماری کو | اور تکبر کیا | ان سے | یہ لوگ | رہنے والے ہیں | دوزخ کے | وہ |

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرتابی کی وہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس میں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٦﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا |
| بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | پس کون ہے | بہت ظالم | اس شخص سے کہ | باندھ لیوے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ |

(جلتے) رہیں گے ﴿٣٦﴾ تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں

اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا

| اَوْ | كَذَّبَ | بِاٰيٰتِهٖ | اُولٰٓئِكَ | يَنَالُهُمْ | نَصِيْبُهُمْ | مِّنَ | الْكِتٰبِ | حَتّٰٓى | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | جھٹلائے | نشانیاں اس کی کو | یہ لوگ | پہنچے گا ان کو | حصہ ان کا | سے | لکھے میں | یہاں تک کہ | جب |

کو جھٹلائے۔ ان کو ان کے نصیب کا لکھا ملتا ہی رہے گا۔ یہاں تک

جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ

| جَآءَتْهُمْ | رُسُلُنَا | يَتَوَفَّوْنَهُمْ | قَالُوْٓا | اَيْنَ | مَا كُنْتُمْ | تَدْعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آئینگے انکے پاس | بھیجے ہوئے ہمارے | قبض کرتے ہوئے انکو | کہیں گے | کہاں ہیں | جن کو | پکارتے تھے |

کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) جان نکالنے آئیں گے تو کہیں گے کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | قَالُوْا | ضَلُّوْا | عَنَّا | وَشَهِدُوْا | عَلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | اَنَّهُمْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | اللہ کے | کہیں گے | کھو گئے | ہم سے | اور گواہی دیں گے | اوپر | جانوں اپنی کے | یہ کہ | وہ تھے |

کرتے تھے وہ (اب) کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے (معلوم نہیں) کہ وہ ہم سے (کہاں) غائب ہو گئے اور اقرار کریں گے کہ

كٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ

| كٰفِرِيْنَ | قَالَ | ادْخُلُوْا | فِيْٓ | اُمَمٍ | قَدْ | خَلَتْ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر | کہے گا | داخل ہو جاؤ | بیچ | جماعتوں کے کہ | تحقیق | گزری ہیں | سے | پہلے تم | سے |

بیشک وہ کافر تھے ﴿٣٧﴾ تو اللہ فرمائے گا کہ جنوں اور انسانوں کی جو جماعتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں اُن ہی کے ساتھ

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ

| الْجِنِّ | وَ | الْاِنْسِ | فِي | النَّارِ | كُلَّمَا | دَخَلَتْ | اُمَّةٌ | لَّعَنَتْ | اُخْتَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوں | اور | انسانوں سے | بیچ | آگ کے | جب | داخل ہوگی | جماعت | لعنت کرے گی | بہن اپنی کو |

تم بھی داخل جہنم ہو جاؤ۔ جب ایک جماعت (وہاں) جا داخل ہوگی تو اپنی (مذہبی) بہن (یعنی اپنے جیسی دوسری جماعت) پر لعنت کرے گی۔

حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا

| حَتّٰٓى | اِذَا | ادَّارَكُوْا | فِيْهَا | جَمِيْعًا | قَالَتْ | اُخْرٰىهُمْ | لِاُوْلٰىهُمْ | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | جب | مل جائیں گے | بیچ اس کے | سب | کہیں گے | پچھلے ان کے | واسطے اگلوں کے | اے رب ہمارے |

یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے تو پچھلی جماعت پہلی کی نسبت کہے گی کہ اے پروردگار

هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۬ قَالَ لِكُلٍّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰٓؤُلَآءِ | اَضَلُّوْنَا | فَاٰتِهِمْ | عَذَابًا | ضِعْفًا | مِّنَ | النَّارِ | قَالَ | لِكُلٍّ |
| انہوں نے | گمراہ کیا تھا ہم کو | پس دے ان کو | عذاب | دوگنا | سے | آگ | کہے گا | واسطے ہر ایک کے |

ان ہی لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا تو ان کو آتشِ جہنم کا دگنا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا کہ (تم) سب کو

ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضِعْفٌ | وَّ | لٰكِنْ | لَّا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | قَالَتْ | اُوْلٰىهُمْ | لِاُخْرٰىهُمْ | فَمَا | كَانَ |
| دوگنا ہے | اور | لیکن | نہیں | جانتے | اور | کہا | اگلوں نے ان کے | واسطے پچھلوں کے | پس نہ | ہوئی |

دگنا (عذاب دیا جائے گا) مگر تم نہیں جانتے ﴿۳۸﴾ اور پہلی جماعت پچھلی سے کہے گی کہ تم کو ہم پر کچھ بھی

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۹﴾ ع